www.KitaboSunnat.com

(۶۱)

نام کتاب	ایک اجتماع کی کہانی
تالیف	محمد لیث
صفحات	۹۶
قیمت، غیر مجلد	۳ روپے
ناشر	مکتبہ الخیر، ۴۰ اردو بازار۔ لاہور

۱۹۶۳ء میں برسر اقتدار طبقے کی تمام رکاوٹوں کے باوجود جماعت اسلامی کا کل پاکستان اجتماع منعقد ہوا۔ اس اجتماع کی کہانی محمد لیث صاحب نے بچوں کے لیے مرتب کی ہے۔ اجتماع میں شریک ایک رکن جماعت کی زبانی کارروائی پیش کی گئی ہے۔ کارروائی میں تقریروں اور درس حدیث کا مختصر خلاصہ آگیا ہے اور جماعت کی دعوت واضح ہو گئی ہے۔

بچوں کو جماعت کے مقاصد سے روشناس کرانے کی ایک اچھی کوشش ہے قیمت نسبتاً زیادہ ہے۔

(۶۲)

نام کتاب	سید مودودی
تالیف	اسعد گیلانی
صفحات	۸۰
قیمت	ایک روپیہ پچاس پیسہ
طباعت	گوارا، سرورق خوبصورت
ناشر	مکتبہ الخیر، ۴۰ اردو بازار لاہور

جناب اسعد گیلانی جماعت کے اچھے لکھنے والوں میں سے ہیں۔ موصوف نے سید مودودی کی سوانح وخدمات پر زیرِ نظر کتابچہ لکھا ہے۔ کتابچہ دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ اسعد صاحب کے ذہن میں جو معلومات تھیں انہیں ایک ترتیب سے درج کر دیا ہے اور زیادہ تلاش وجستجو سے کام نہیں لیا گیا۔ صلا پر لکھا ہے کہ نو سال کی عمر میں مولانا نے "جماعت رشیدیہ" میں داخلہ لیا۔ رشیدیہ غلط ہے رُشدیہ درست ہے۔ مولانا کی سزائے موت پر احتجاج کے سلسلہ میں ملا نور المشائخ مرحوم کا بیان دوبارہ درج ہوا ہے۔ اور ایک شخص کے بارے میں دو مختلف افراد کا تاثر ملتا ہے۔ کتابت کی غلطیاں بھی کھٹکتی ہیں اُمید ہے آئندہ ایڈیشن مزید بہتر ہو گا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ